کمیونٹی رائٹس اینڈ جینڈر
(تکنیکی معاونت)
کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات

کمیونٹی رائٹس (حقوق) اور جینڈر (صنفی) تکنیکی معاونت کا پروگرام سول سوسائٹی اور کمیونٹی سے متعلقہ اداروں / تنظیموں کی مدد کے لئے بنایا گیا ہے تاکہ کمیونٹی کی مؤثر شمولیت، انسانی حقوق اور صنفی مساوات سے متعلقہ مسائل / رکاوٹوں کو گلوبل فنڈ کی ۲۳ ـ ۲۰۲۱ء کے دورانیے کی گرانٹس کے دوران حل کیا جائے۔

درخواست کب دی جاسکتی ہے؟

گلوبل فنڈ گرانٹس کے کسی بھی مرحلے پر اس تکنیکی معاونت کے لئے درخواست دی جاسکتی ہے۔ گرانٹس پر عمل درآمد اور پروگرام کے جائزے کے دوران بھی درخواست دی جاسکتی ہے۔ تکنیکی معاونت کا یہ پروگرام (یعنی سی آر جی) کمیونٹی کی مؤثر شمولیت، کمیونٹی سسٹم کے استحکام، گلوبل فنڈ سے منتقلی کی منصوبہ بندی اور گلوبل فنڈ سے متعلقہ دیگر امور مثلاً قومی حکمت عملی کی تشکیل وغیرہ میں بھی امداد مہیا کرتا ہے۔

تکنیکی معاونت کے لئے کون درخواست دے سکتا ہے؟

ا۔ کلیدی آبادیوں سے متعلقہ ادارے۔ تنظیمیں اور نیٹ ورکس۔
۲۔ نوجوانوں سے متعلقہ اور نوجوانوں کی زیر قیادت ادارے، تنظیمیں اور نیٹ ورکس۔
۳۔ خواتین سے متعلقہ ادارے، تنظیمیں اور نیٹ ورکس۔
۴۔ ایچ آئی وی سے متاثرہ لوگوں کے ادارے، تنظیمیں اور نیٹ ورکس نیز ٹی بی اور ملیریا سے متاثرہ لوگوں کے ادارے۔
۵۔ سول سوسائٹی نیٹ ورکس اور ایسے ادارے جو دیگر متاثرہ کمیونٹیز (مثلاً) مہاجرین اور کان کنی سے متعلقہ ہوں۔
٦۔ کنٹری کوارڈی نیٹنگ میکینزم (سی سی ایم) اور علاقائی کوارڈی نیٹنگ میکینزم (آر سی ایم)۔ سی سی ایم اور آر سی ایم مندرجہ بالا اداروں کے ساتھ ملکر درخواست دینے کے اہل ہیں۔

کس قسم کی تکنیکی مدد کے لئے درخواست دی جاسکتی ہے؟

مندرجہ ذیل امور سے متعلق تکنیکی امداد حاصل کی جاسکتی ہے۔
ا۔ حالات اور ضروریات سے آگاہی، جائزے اور تجزیے کے لئے۔
۲۔ گلوبل فنڈ سے متعلقہ ملکی سطح کی بات چیت اور مذاکرات کے عمل میں مؤثر شمولیت کے لئے۔
۳۔ گلوبل فنڈ کی گرانٹس پر عمل درآمد سے متعلق انتظامات کے لئے۔

سی آر جی تکنیکی معاونت سی سی ایم کی مضبوطی، سول سوسائٹی نیٹ ورکس، سول سوسائٹی کے اداروں کی استعداد کار میں اضافے سے متعلقہ طویل مدتی پروگرام اور ایسے معاملات کے لئے امداد فراہم نہیں کرتا جن میں کمیونٹی کی مؤثر شمولیت پر توجہ نہ دی گئی ہو۔

سی آر جی تکنیکی معاونت کون فراہم کرے گا؟

گلوبل فنڈ سیکرٹیریٹ میں موجود سی آر جی شعبہ یہ امداد پہلے سے منظور شدہ ۲۶ تکنیکی اداروں کے ذریعے یہ تکنیکی معاونت فراہم کرتا ہے۔ ممکن ہے کہ ان ۲۶ اداروں کا تعلق اس خطے سے نہ ہو جہاں آپ کا ملک واقع ہے۔ آپ اپنی خواہش کے مطابق ان ۲۶ اداروں میں سے کسی کا چناؤ/انتخاب کر سکتے ہیں تاہم آخری فیصلہ سی آر جی شعبہ کرتا ہے۔

منظور شدہ ۲۶ تکنیکی اداروں کی فہرست حسب ذیل ہے۔

۱۔ ایڈز اینڈ رائٹس الائنس فار ساؤتھ افریقہ (ارسا)۔
۲۔ ایڈز سٹریجی، ایڈواکیسی اینڈ پالیسی (اے ایس اے پی)۔
۳۔ ایلائنس کنسیلٹنسی ☆۔
۴۔ ایپکوم فائنڈیشن ☆۔
۵۔ ایشیا پیسیفک نیٹ ورک آپ پیپل لونگ ودایچ آئی وی (اے پی این+) ☆۔
۶۔ سنٹر فار ہیلتھ پالیسیز اینڈ سٹڈیز۔
۷۔ کوایکٹ ☆۔
۸۔ کولیشن پلس۔
۹۔ اریوشین کولیشن آن ہیلتھ، رائٹس، جینڈر اینڈ سیکچوئیل ڈائی ورسٹی۔
۱۰۔ فرنٹ لائن ایڈز ☆۔
۱۱۔ ایچ آئی وی، ایکسی لیریٹڈ، ریئل ٹائم، ورسٹائل، ایکوی ٹیبل، سیف ریسپونس اینڈ ٹی بی ریسپونس۔
۱۲۔ ایچ آئی وی لیگل نیٹ ورک۔
۱۳۔ ہی واس۔
۱۴۔ ہارم رڈیکشن انٹرنیشنل ☆۔
۱۵۔ انٹرنیشنل کمیونٹی آف وومن لونگ ودایچ آئی وی۔ ایسٹ افریقہ۔
۱۶۔ آئی سی آئی سینٹ۔
۱۷۔ انٹرنیشنل کونسل آف ایڈز سروس آرگنائزیشن ☆۔
۱۸۔ کینیا این جی او ایلائنس اگینسٹ ملیریا ☆۔
۱۹۔ مالدیویں انسٹی ٹیوٹ آف ہیومن رائٹس۔
۲۰۔ مین لائن فائنڈیشن ☆۔
۲۱۔ کمیونٹی لڈا یسسٹینس فار پیرا اینگیجمنٹ ☆۔
۲۲۔ پی اے ٹی اے، وائے پلس اینڈ یو این وائے پی اے۔
۲۳۔ پی اے ٹی ایچ ☆۔
۲۴۔ پارٹنرز ران پیلتھ۔
۲۵۔ ریسورس گروپ فار ایجوکیشن اینڈ ایڈواکیسی فار کمیونٹی ہیلتھ۔
۲۶۔ سٹیچنگ ٹی بی یورپ فائنڈیشن کولیشن۔
(یہ ادارے ایشیا پیسیفک کے لئے منظور شدہ ہیں) ☆۔

درخواست کس طرح دی جا سکتی ہے؟

درخواست دینے کے لئے آپ کو ایپکیسو کی ویب سائٹ https://apcaso.org/apcrg/support سے فارم ڈاؤن لوڈ کرنا پڑے گا۔ آپ ایپکیسو میں موجود متعلقہ آفسر جیف ایکاباسے jeffacaba@apcaso.org سے مدد لے سکتے ہیں۔

ایسوسی ایشن آف پیپل لونگ ودایچ آئی وی پاکستان میں ایچ آئی وی سے متاثرہ لوگوں اور متعلقہ کلیدی آبادیوں کا قومی نیٹ ورک ہے۔ اے پی ایل ایچ آئی وی متاثرہ لوگوں اور کلیدی آبادیوں کو ایک ایسی معیاری اور باوقار زندگی فراہم کرنے کے لئے سرگرم عمل ہے جہاں تمام لوگوں کو بلاتفریق اور بلا امتیازی سلوک رہنے کا حق حاصل ہو۔

ایپکیسو ایشیا اور بحرالکاہل خطے کی ایک علاقائی سول سوسائٹی نیٹ ورک ہے جو صحت، معاشرتی انصاف اور انسانی حقوق جیسے کاموں میں سرگرم عمل ہے۔ ایپکیسو ایشیا اور بحرالکاہل کے لئے سی آر جی پلیٹ فارم کا موجودہ میزبان ہے۔ یہ ادارہ بروقت اور متعلقہ معلومات کی فراہمی کا ذریعہ ہے تاکہ علاقائی سطح پر گلوبل فنڈ گرانٹس میں سی آر جی کی شمولیت اور فروغ کو یقینی بنائے۔

ASSOCIATION OF PEOPLE LIVING WITH HIV PAKISTAN

APCASO
Strengthening community systems. Advancing human rights.

apcrg
The Asia-Pacific Platform on Communities, Rights & Gender